© rasailojaraid.com



اس کتابچے میں علمائے حق کے اوصاف و اخلاق کو قرآن و سنت کی روشنی میں سلجھے ہوئے انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

---

THE CRITERION

الفرقان

زیر ادارت: جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ جناب کوکب صدیقی صاحب۔ جناب مصباح الاسلام فاروقی صاحب۔

مقام اشاعت: 113 P/2 PECHS کراچی نمبر ۲۹۔

سالانہ چندہ دس روپے۔ ایک مجلّے کی قیمت ۲ روپے۔ صفحات ۸۰۔

اسلامک ریسرچ اکاڈمی، کراچی علمی محاذ پر احیائے دین کے لیے جو قابلِ قدر کوششیں کر رہی ہے اس میں اس دو ماہی انگریزی پرچے کا اجرا ہر لحاظ سے قابلِ ستائش اضافہ ہے۔ ہمارے اس ملک میں فکری گمراہی کے جراثیم زیادہ تر انگریزی کے راستے سے آتے ہیں اور سب سے پہلے مغربی طرز پر تعلیم حاصل کرنے والے افراد ہی ان سے متاثر ہوتے ہیں۔ ان حالات میں انگریزی زبان میں ایک اعلیٰ دینی پرچہ وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔ جن اصحابِ علم کی ادارت میں یہ مجلّہ شروع ہو رہا ہے اُن کی دینی بصیرت پوری طرح قابلِ اعتماد ہے۔ اسلام پسند حلقوں کو اس کوشش کو کامیاب بنانے کے لیے تگ و دو کرنی چاہیے۔

---

مجلہ "خاتونِ پاکستان" کی خصوصی اشاعت

نزولِ قرآن نمبر

زیر ادارت: جناب شفیق بریلوی صاحب۔ مقامِ اشاعت: ۵۔ گارڈن، کراچی۔ ہدیہ دو روپے پچاس پیسے۔

قرآن مجید کی پہلی وحی حضور سرورِ کائنات کو ۲۰ رمضان ۱۳ سنہ قبل ہجرت، غارِ حرا میں ہوئی۔ اس پر چودہ صدیاں گزرنے کے بعد دنیا کے ہر خطے میں جہاں مسلمان آباد ہیں، وہاں نزولِ قرآن کی تقریبات منعقد کی گئیں۔ رسائل و جرائد نے خصوصی نمبر شائع کیے۔ معروف مجلہ خاتونِ پاکستان کا زیرِ تبصرہ نمبر بھی اسی سلسلہ کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ فاضل مدیر نے بڑی محنت کے ساتھ مضامین اور نظموں کو جمع کر کے نہایت سلیقے کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ حصۂ نثر اور حصۂ نظم دونوں جاندار ہیں۔ معیارِ طباعت و کتابت بھی عمدہ ہے۔



© rasailojaraid.com